**مضمون: الحدیث الشریف    کتاب کا نام: سنن النسائي، ابن ماجه    درجہ: عالمیہ دوم**

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

| آپشن | جواب | سوال نمبر | آپشن | جواب | سوال نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| الف | حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ | 14. | د | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | 1. |
| الف | حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ | 15. | الف | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | 2. |
| د | حضرت اَبوذر رضی اللہ عنہ | 16. | ب | گھوڑا | 3. |
| الف | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | 17. | ج | الف، ب | 4. |
| الف | حضرت عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ | 18. | د | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ | 5. |
| د | حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ | 19. | ب | حضرت حسن رضی اللہ عنہ | 6. |
| ب | حضرت علی رضی اللہ عنہ | 20. | ج | حضرت عبد الرحمن بن زبیر رضی اللہ عنہ | 7. |
| ب | حضرت خباب رضی اللہ عنہ | 21. | ب | حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ | 8. |
| الف | حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ | 22. | د | حضرت غزوہ تبوک رضی اللہ عنہ | 9. |
| ج | حضرت زبیر رضی اللہ عنہ | 23. | الف | دو | 10. |
| الف | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | 24. | ب | فارس | 11. |
| د | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | 25. | ب | 09 | 12. |
| | | | د | پاؤں میں پازیب | 13. |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

| جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر |
|---|---|---|---|
| اس کا روزہ یا نماز، صدقہ، حج، عمرہ، جہاد، عدل وغیرہ قبول نہیں وہ اسلام سے ایسا خارج ہے جیسے بال آٹے سے نکل جاتا ہے | 11. | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کی تمام چیزوں میں سے عورتیں اور خوشبو تو میرے لئے پسندیدہ کر دیا گیا اور نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ | 1. |
| ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اللہ کی باندیوں کو مسجد میں آنے سے منع نہ کرو، اس پر آپ کے بیٹے نے کہا: خدا کی قسم! ہم ضرور روکیں گے اس بات پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سخت ناراض ہوئے کہ میں تمہیں حدیث بیان کرتا ہوں اور تم کہتے ہو کہ ہم روکیں گے۔ | 12. | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عورتوں پر فضیلت ایسی ہے جیسے جیسے تمام کھانوں پر ترید کی۔ | 2. |
| اللہ پاک علم کو ایسے اٹھائے گا کہ علماء کی روح قبض فرمالے گا پس جب عالم باقی نہ رہیں گے تو لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گئے پس وہ فتوی دیں گے اور خود بھی گمراہ اور دوسروں کو بھی کریں گے۔ | 13. | حالت طہر میں طلاق دینا اس حال میں کہ اس طہر میں جماع بھی نہ کیا ہو طلاق السنۃ کہلاتا ہے۔ | 3. |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .4 | عہد رسالت اور عہد صحابہ میں غیر مدخول بھا کو متفرق طور پر تین طلاقوں کو ایک شمار کیا جاتا تھا۔ | .14 | اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہو گا۔ |
| .5 | ایلاء کا لغوی معنی قسم کھانا ہے۔ اصطلاح میں یہ ہے کہ شوہر اپنی بیوی سے جماع نہ کرنے کی قسم کھالے مخصوص مدت تک۔ | .15 | سچا امانت دار اور مسلمان سوداگر۔ |
| .6 | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین لوگوں کو مرفوع القلم فرمایا! سونے والا یہاں تک جاگ جائے، بچہ کہ بالغ ہو جائے اور پاگل یہاں تک کہ عاقل ہو جائے لہذا ان کی طلاق واقع نہ ہو گی۔ | .16 | تصویر بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا تم نے اس کو بنایا اب اس میں جان ڈال۔ |
| .7 | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم عہدوں کی خواہش نہ کرو۔ اگر تمہیں طلبہ عہدہ مل گیا تو تو چھوڑ دیا جائے گا اور اگر بن مانگے حکومت و عہد ملا تو مدد کئے جاؤ گے۔ | .17 | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع نجش سے منع فرمایا ہے۔ نجش کا معنٰی ہے، بغیر خریدنے کی نیت کے چیز کا ریٹ بڑھانا۔ |
| .8 | آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قاضی غصہ کی حالت میں فیصلہ نہ کرے۔ | .18 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا سب سے اچھے گواہ وہ ہیں جو سوال کرنے سے پہلے اپنی گواہی دے دیں۔ |
| .9 | جو کوئی قسم کھا کر مسلمان کا حق لے تو اللہ پاک اس پر جہنم واجب کر دیتا ہے اور جنت حرام کر دیا ہے. ایک صحابی نے عرض کی اگر وہ کوئی تھوڑی چیز لے ؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا خواہ پیلو کے درخت کی ٹہنی نہ ہو۔ | .19 | نبی کریم ﷺ فرمایا لوگوں کو کھانا کھلایا کر اور ہر ایک کو سلام کیا کر چاہے تو اس کو پہنچانتا ہو یا نہ پہنچانتا ہو۔ |
| .10 | ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول اللّٰهُمَّ انى الموذ بك من الفلة والذلة واعوذلك ان اظلم او اظلم | .20 | شراب ہر برائی کی کنجی ہے۔ |

## طویل سوالات (Long Questions)

| سوال نمبر | جواب |
|---|---|
| .1 | حضرت وحشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کھاتے ہیں سیر نہیں ہوتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شائد تم علیحدہ علیحدہ کھاتے ہو میں نے عرض کی جی ہاں آپ نے فرمایا کھانا سب مل کر بسم اللہ پڑھ کر کھایا کرو تو اس میں برکت ہو گی -2- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ علی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مل کر کھاؤ الگ الگ نہ کھاؤ کیوں کہ جماعت کے ساتھ برکت ہے۔ |
| .2 | حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شراب کی وجہ سے دس آدمیوں پر لعنت نازل ہوئی ہے۔ پینے والے پر، نچوڑنے والے پر، نچڑوانے والے پر، بیچنے والے پر، خریدنے والے پر، لیجانے والے پر، جس کیلئے لیجائی گئی ہے اس پر، اسکی قیمت کھانے والے پر، اور اس کے پلانے والے پر |
| .3 | 1- حضرت عتبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے حجام کی کمائی سے منع فرمایا ہے۔ 2 - حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے پچھنے لگوائے اور مجھے اس کی اجرت دینے کا حکم دیا۔ میں نے حجام کو اجرت دی۔ |

| | |
|---|---|
| 3. حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تو حجام کو اجرت عطا فرمائی۔ | |
| حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے حلقہ کے پاس تشریف لائے آپ نے دریافت فرمایا کیوں بیٹھے ہو؟ عرض کیا ہم اللہ تعالی کی حمد کرتے ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنا دین بتایا اور آپ کو مبعوث فرمایا ہم پر احسان فرمایا فرمایا اللہ کی قسم تم اسی لیے بیٹھے ہو؟ عرض کی جی ہاں. فرمایا قسم اس لیے نہیں لی کہ تم جھوٹے ہو بلکہ اس لیے جبریل آئے بتایا کہ اللہ عزوجل تم لوگوں کے فرشتوں پر فخر فرماتا ہے۔ | 4. |
| حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ الی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا. میرے لیے عورتیں اور خوشبو پسندیدہ کر دی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے<br>حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا کی تمام چیزوں میں عورتیں اور خوشبو میرے لیے پسندیدہ بنادی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔<br>حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ عیہ سلم کو عورت کے بعد گھوڑوں سے زیادہ کسی شے سے محبت نہیں تھی۔ | 5. |